بخدمت جناب الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

بتوسط سیکرٹری صاحب الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

عنوان: درخواست اعتراضات بابت حلقہ بندی موجودہ واقع صوبائی اسمبلی نمبر PP-238 سابقہ حلقہ PP-278 بہاولنگر بوجوہات ذیل و شامل فرمائے جانے مکمل پٹوار سرکل چک صادق نگر اندریں حلقہ PP-240 زیر الیکشنز ایکٹ 2017 سیکشن 21 والیکشن رولز 2017ء قاعدہ 11 منجانب سائل شہزاد رشید ولد چوہدری رشید احمد ذات جٹ سکنہ چک صادق نگر تحصیل و ضلع بہاولنگر۔

جناب عالی! حسب ذیل عرض ہے۔

1۔ **یہ کہ** ! بروئے پبلک نوٹس جاری شدہ الیکشن کمیشن آف پاکستان قومی وصوبائی اسمبلیوں کی حلقہ بندی ہائے موجودہ کی بابت اعتراضات بموجب قانون مندرجہ بالا طلب فرمائے گئے ہیں۔

2۔ **یہ کہ** ! سائل چک صادق نگر تحصیل و ضلع بہاولنگر یونین کونسل نمبر 58 چک صادق نگر کا رہائشی ہے۔ چک صادق نگر پٹوار سرکل سابقہ مردم شماری کے مطابق سابقہ حلقہ PP-278 میں شامل تھی اب موجودہ حلقہ بندیوں کی صورت میں سابقہ حلقہ PP-278 کی بجائے حلقہ PP-238 بنا دیا گیا ہے۔ مصدقہ نقشہ لف ہذا ہے۔

3۔ **یہ کہ** ! سائل چک صادق نگر کا رہائشی ہے زمیندارہ کرتا ہے۔ سائل کا ووٹ چک صادق نگر کا بنا ہوا ہے۔ سائل کا بھائی یونین کونسل نمبر 58 چک صادق نگر تحصیل و ضلع بہاولنگر کا وائس چیئرمین بھی ہے۔ سائل خود بھی نائب ناظم رہا ہے اور سابقہ حلقہ PP-280 ملحقہ حلقہ سے سائل نے الیکشن میں حصہ لیا تھا۔

4۔ **یہ کہ** ! سابقہ حلقہ بندی کے مطابق چک صادق نگر پٹوار سرکل سابقہ حلقہ PP-278 میں شامل تھا اور چک صادق نگر مکمل پٹوار سرکل اسی حلقہ PP-278 میں شامل تھی اب موجودہ حلقہ بندیوں کی صورت میں چک صادق نگر / یونین کونسل نمبر 58 کو تقسیم کر دیا گیا ہے اور اس پٹوار سرکل کا کچھ حصہ حلقہ PP-238 متذکرہ بالا میں شامل کر دیا گیا ہے جبکہ چک عبداللہ ہٹھاڑ و تاڑ پہلے ہی حلقہ PP-240 (سابقہ PP-280) میں موجود ہے۔ سائل اپنے حلقہ

موجودہ PP-240 سے الیکشن میں حصہ لینا چاہتا ہے۔ چک صادق نگر پٹوار سرکل کی اس تقسیم کی وجہ سے سائل کے ووٹران اور سائل کی شدید حق تلفی ہوئی ہے ان حالات میں پٹوار سرکل چک صادق نگر مکمل طور پر حلقہ PP-240 میں شامل کیا جانا انتہائی ضروری اور قرین انصاف ہے بصورت دیگر سائل اپنے علاقہ کے ووٹوں سے محروم ہو جائے گا اور سائل کے حمائتی بے شمار ووٹران دوسرے حلقہ میں چلے جائیں گے جس سے علاقہ کے ووٹران اور سائل کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا ان حالات میں پاکستان بیورو آف سٹیٹکس کی رپورٹ مردم شماری اور حلقہ بندی کی درستی کی جانی انتہائی اہم اور ضروری ہے۔

5۔ **یہ کہ** ! سابقہ مسلم لیگ کا ٹکٹ ہولڈر رہوں جبکہ قانونگوئی صادق پور کا پٹوار سرکل چک عبداللہ حلقہ PP-240 میں شامل ہے اگر مکمل پٹوار سرکل چک صادق نگر حلقہ PP-240 میں شامل نہ کیا گیا تو سائل و ووٹران کو ناقابل تلافی نقصان ہوگا ویسے بھی مکمل پٹوار سرکل چک صادق نگر حلقہ PP-240 میں شامل ہونے سے حلقہ کی آبادی اور الیکشن کمیشن کی مرتبہ حلقہ بندیوں پر بھی کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

6۔ **یہ کہ** ! حالات بالا کے تابع چک صادق نگر پٹوار سرکل کو مکمل طور پر حلقہ PP-240 میں شامل کیا جانا قرین انصاف ہے سائل کا گھر بھی حلقہ موجودہ حلقہ PP-238 میں ہے۔ سائل اور سائل کے ووٹران کو اس تقسیم پر شدید تحفظات ہیں۔ سائل کے اعتراض کو مدنظر رکھ کر حلقہ بندی کی درستی میں کوئی امر مانع نہ ہے۔ دونوں حلقہ جات PP-238 اور PP-240 کی سرحدیں ملتی ہیں۔ لہذا دونوں حلقہ جات متذکرہ جات بالا کی سرحدیں درست کرتے ہوئے مکمل پٹوار سرکل چک صادق نگر کو حلقہ PP-240 میں شامل فرمایا جانا مطابق موقع و حالات ضروری ہے ووٹ سرٹیفکیٹ معہ متعلقہ دستاویزات لف ہیں۔

بحالات بالا استدعا ہے کہ حلقہ PP-238 اور حلقہ PP-240 کی سرحدات درست فرمائی جا کر چک صادق نگر کا مکمل پٹوار سرکل حلقہ PP-240 میں شامل فرمایا جاوے۔

عرضی

شہزاد رشید ولد چوہدری رشید احمد ذات جٹ سکنہ چک صادق نگر
تحصیل و ضلع بہاولنگر
0300 5550909